
# ٹیچرز گائیڈ

## بابر اور بھنڈی

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔

- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔

- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔

- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔

- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔

- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔

- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔

- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔

- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

15 منٹ

• بچوں سے کہیں کہ اپنی اپنی کتابیں نکالیں۔ کسی ایک بچے سے کہانی کا ٹائٹل پڑھوائیں۔ بچوں کو ٹائٹل دکھا کر پوچھیں کہ تصویر میں نظر آنے والا بچہ کیا کر رہا ہے؟

- بچوں کے جوابات سننے کے بعد ان سے کہیں کہ اب ہم کہانی پڑھ کر دیکھتے ہیں کہ بابر کیا کر رہا ہے؟

- پہلے دلچسپ انداز سے کہانی خود پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بھی ساتھ ساتھ بتاتی جائیں۔

- ہر صفحہ پڑھنے کے بعد بچوں کو اس صفحہ پر بنی تصاویر دکھائیں اور گفتگو کریں کہ اس تصویر میں کیا ظاہر ہو رہا ہے۔ بچوں کے جوابات پوری توجہ سے سنیں اور اس کے بعد کہانی مکمل کریں۔

30 منٹ

• بچوں سے سبزیوں کے نام پوچھیں۔ خود بھی سبزیوں کے نام لے کر بچوں کو سبزیاں یاد دلانے میں مدد کریں۔

- بچوں سے کہیں کہ ہم گنتی کر کے دیکھتے ہیں کہ کون سی سبزی بچوں کو سب سے زیادہ پسند ہے اور کون سی سب سے کم۔

- بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے سبزیوں کے نام ایک کولم میں لکھیں۔

- بچوں سے ہر سبزی کے بارے میں الگ الگ پوچھیں کہ کیا یہ سبزی انہیں پسند ہے یا نہیں۔ ہر بچے کا جواب سن کر **پسند** ہے یا **نہیں پسند** کے کولم میں tally لگائیں۔ (tally گنتی کا ایک طریقہ ہے جس میں ہر بچے کی گنتی کے لئے ایک لائن ڈالی جاتی ہے۔ چار لائن کے بعد پانچویں کے لئے ایک لائن چاروں لائنوں کو کراس کر کے لگائی جاتی ہے۔)

| سبزی | پسند ہے | نہیں پسند |
|---|---|---|
| آلو | ~~IIII~~ ~~IIII~~ II | ~~IIII~~ III |
| total | = 12 | = 8 |

- 5 - 4 سبزیوں کے بارے میں اسی طرح tally لگائیں۔

- اب بچوں سے کہیں کہ دیکھتے ہیں کہ پسند کے لحاظ سے کون سی سبزی اول ہے اور کون سی آخر۔ پسند کے کولم میں tallies گنیں۔ بچوں سے بھی گنوائیں اور نمبر لکھتی جائیں۔ اول اور آخر نمبر پر آنے والی سبزیوں کا پتہ چل جائے گا۔

- اسی طرح **نہیں پسند** کے کولم میں tallies گن کر معلوم کریں کہ **نہیں پسند** میں کون سی سبزی اول ہے اور کون سی آخر۔

## سیشن 2

15 منٹ
- 8 - 6 بچوں سے باری باری کہانی کی پڑھائی کرائیں۔
  - پڑھائی ختم ہونے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ بابر کو روشنی، درخت، ٹی وی کی آواز، سب کچھ کیوں اچھا نہیں لگ رہا تھا؟ سب بچوں کو باری باری بات چیت کا موقع دیں۔

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ بابر کے پیٹ میں چوہے کیوں دوڑ رہے تھے؟ اس بات سے وہ کیا سمجھتے ہیں؟
  - بچوں کے جوابات سننے کے بعد انہیں بتائیں کہ جب بہت بھوک لگتی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ **پیٹ میں چوہے دوڑ رہے ہیں**۔ یہ ایک محاورہ ہے۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ عام طور پر آپ کے پیٹ میں چوہے کس وقت دوڑتے ہیں؟ بچوں کے جوابات دلچسپی سے سنیں اور مثالیں سوچنے میں ان کی مدد کریں۔ بچوں کے جوابات یہ ہو سکتے ہیں:

1) اسکول سے چھٹی کے وقت۔

2) کسی دعوت میں دیر سے کھانا ملنے کے وقت۔

3) کوئی مزے کی چیز پکی ہو مگر کھانا دیر سے ملے۔

4) کسی ریسٹورنٹ میں کھانے جائیں اور کھانے کی اچھی خوشبو آ رہی ہو مگر کھانا دیر سے آئے۔

5) جب روزہ ہو اور اذان سے پہلے افطار کے لئے دسترخوان پر بیٹھے ہوں۔

15 منٹ

- بورڈ پر 2 کولم بنائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کون سے کھانے پسند ہیں۔ جو بچے بتائیں ان میں سے 10 کھانوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں 2 کولم بنائیں۔ ایک کولم میں بورڈ پر لکھے ہوئے کھانوں کے نام لکھیں۔ دوسرے کولم میں ☺ یا ☹ بنا کر ظاہر کریں کہ انہیں کون سے کھانے پسند ہیں اور کون سے نہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- کہانی میں سے ایسے الفاظ تلاش کر کے لکھیں جن میں ھ آتا ہو۔ گھر سے کوئی ایک سبزی یا سبزی کی تصویر لے کر آئیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

اگلے سیشن (سیشن 3) کے لئے چند **زمین کے اوپر اگنے والی** اور چند **زمین کے اندر اگنے والی** کچی سبزیاں یا سبزیوں کی تصویریں کلاس میں لے کر آئیں۔

# سیشن 3

10 منٹ
- جن بچوں نے اب تک کتاب کی پڑھائی نہیں کی ہے ان میں سے 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔

30 منٹ
- بچے مختلف سبزیاں یا ان کی تصویریں لے کر آئے ہوں گے۔ بچوں کی لائی ہوئی سبزیاں یا تصویریں دیکھیں اور جو سبزیاں یا تصویریں آپ لے کر آئی ہیں وہ بھی بچوں کو دکھائیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ کچھ سبزیاں زمین کے اوپر اگتی ہیں اور کچھ سبزیاں زمین کے اندر اگتی ہیں۔

- کلاس میں لائی ہوئی سبزیوں اور سبزی کی تصویروں کو زمین کے اوپر اور زمین کے اندر اگنے والی سبزیوں میں الگ الگ کریں۔

- بورڈ پر **زمین کے اوپر اگنے والی سبزی** اور **زمین کے اندر اگنے والی سبزی** کے عنوان سے 2 کولم بنائیں۔ بچوں کی مدد سے دونوں کولم میں سبزیوں کے نام انگریزی اور اردو میں لکھیں۔

- بورڈ پر کیا گیا کام بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| **زمین کے اوپر اگنے والی سبزی** | |
|---|---|
| پالک | spinach |
| گوبھی | cabbage |
| بھنڈی | okra |
| بینگن | brinjal |
| ٹماٹر | tomato |

| **زمین کے اندر اگنے والی سبزی** | |
|---|---|
| شلجم | turnip |
| گاجر | carrot |
| مولی | radish |
| پیاز | onion |
| آلو | potato |

## گھر کا کام

5 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

بھوک بھنڈی بالکل کچھ کھڑکی نیند کمرے صوفے نظر بعد

# سیشن 4

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

15 منٹ • املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ ان کے گھر کے مختلف لوگ یا آس پاس رہنے والے لوگ اپنے غصے کا اظہار کس طرح کرتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان لوگوں کے غصے کی اداکاری کر کے دکھائیں۔ باری باری سب بچوں کو اداکاری کا موقع دیں۔ کلاس کے ایسے بچوں کو جو کلاس میں بات چیت میں کم حصہ لیتے ہیں ضرور موقع دیں۔ اداکاری کے لئے چند مثالیں:

1) ابو/ امی کو غصہ آتا ہے تو وہ کیا کرتے ہیں۔

2) بھائی / بہن کو غصہ آتا ہے تو وہ کیا کرتے ہیں۔

3) دادا / دادی کو غصہ آتا ہے تو وہ کیا کرتے ہیں۔

4) ٹیچر کو غصہ آتا ہے تو وہ کیا کرتی ہیں۔

5) کسی دوست کو غصہ آتا ہے تو وہ کیا کرتی / کرتا ہے۔

- بچوں سے کہیں کہ اداکاری میں حصہ لینے کے لئے ہاتھ اٹھائیں۔ اداکاری کے لئے بچوں کا انتخاب خود کریں تاکہ کلاس میں discipline قائم رہے۔

# سیشن 5

10 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ جب بابر کو بھوک لگی تھی تو اس نے کئی طرح کے کام کیئے۔ کسی کام کے کرنے کو **فعل** (verb) کہتے ہیں۔ جیسے بابر نے ٹی وی کو ڈانٹا اور کھڑکی بند کی میں الفاظ **ڈانٹا** اور **بند کی** فعل ہیں۔

  - **فعل** کی تعریف بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ اسے اپنی کوپی میں لکھیں۔

  - **فعل کی تعریف:** **فعل** ان الفاظ کو کہتے ہیں جن سے کسی کام کے کرنے کا یا ہونے کا پتہ چلتا ہے۔

20 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کتاب میں سے دیکھ کر ایسے 5 جملے جس میں فعل ہو کوپی میں لکھیں جیسے: بابر نے ٹی وی کو ڈانٹا۔ فعل کو رنگین پنسل سے underline کریں۔

  - جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں کسی ایک ایسی سبزی کی تصویر بنائیں جو زمین کے اوپر اگتی ہے اور ایک ایسی سبزی کی تصویر بنائیں جو زمین کے اندر اگتی ہے۔ سبزی کا نام لکھیں اور رنگ بھریں۔

# سیشن 6

20 منٹ

- کتاب میں دیئے گئے واحد الفاظ چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی جمع پوچھیں اور الفاظ کی درست جمع بورڈ پر لکھیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| بھنڈی | بھنڈیاں |
| کتا | کتے |
| درخت | درخت |
| کمرہ | کمرے |
| میز | میزیں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| روٹی | روٹیاں |
| کھڑکی | کھڑکیاں |
| تکیہ | تکیے |
| چوہا | چوہے |
| کیلا | کیلے |

25 منٹ

- بچوں کو سبزیوں کے بارے میں دلچسپ انداز سے ایک نظم پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ نظم یاد کریں اور گا کر سنائیں۔

## ہم نہ کھائیں

شلجم بھنڈی ہم نہ کھائیں    چاہے بھوکے ہی رہ جائیں
کھا کر دیکھو چکھ کر دیکھو    ہری پلیٹ میں رکھ کر دیکھو
ہری پلیٹ میں رکھ کر چکھا    پیلا چمچہ ڈال کر چکھا
شلجم بھنڈی ہم نہ کھائیں    چاہے بھوکے ہی رہ جائیں
کھا کر دیکھو چکھ کر دیکھو    مرچ مصالحہ ڈال کر دیکھو
کچھ بھی ڈالیں کچھ بھی ملائیں    چاہے اس کو اور پکائیں
شلجم بھنڈی ہم نہ کھائیں    چاہے بھوکے ہی رہ جائیں

# بابر اور بھنڈی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk